اس سوالنامے میں کل 19 سوالات اور 16 چھپے صفحات ہیں۔

**Code No. 59/S/O/U**

رول نمبر (ہندسوں میں) | | | | | | | | | | | | |

**Set** **A**

# URDU
# (اردو)
## (206)

رول نمبر (الفاظ میں) ..............................

امتحان کی تاریخ اور دن ..............................

نگراں امتحان کے دستخط 1۔ ..............................

2۔ ..............................

---

ہدایات :

1- طالب علم کو سوالنامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

2- مہربانی کر کے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجیے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجیے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

3- طالب علم کو (A), (B), (C) اور (D) میں سے کوئی ایک جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیئے گئے جواب نامے میں اپنا صحیح جواب لکھنا ہے۔

4- معروضی سوالات کے ساتھ ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیئے گئے وقت کے اندر دینے ہیں۔ معروضی سوالات کے لئے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔

5- طالب علم جوابی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

6- اپنی جوابی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر 59/S/O/U, Set A کو لکھیے۔

709\Ur not found.

# URDU
## (اردو)
**(206)**

وقت : 3 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل مارکس : 100

**1**۔ نیچے دیئے گئے اشعار کی تشریح کیجئے اور ہر شعر کے شاعر کا نام لکھیے :　　6

بچھڑے لوگوں سے ملاقات کبھی پھر ہوگی
دل میں امید تو کافی ہے یقین کچھ کم ہے

موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

**[ یا ]**

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور نظم و شاعر کا نام لکھیے :

مہندی لگائے سورج جب شام کی دلہن کو
سرخی لئے سنہری ہر پھول کو قبا ہو
راتوں کو چلنے والے رہ جائیں تھک کے جسم دم
امید اُن کی میرا ٹوٹا ہوا دیا ہو

**2**۔ درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھئے اور نیچے لکھے سوالات کے جوابات لکھیے :  2×4 = 8

''بہ صورت دیگر آپ گلی محلے میں رہتے ہیں تو وہاں بھی آپ کو کئی ایسے حضرات ملیں گے جو سالہا سال سے آپ سے اخبار مانگ کر پڑھنے کے عادی ہو چکے ہیں وقت بے وقت دہ آپ کی بیٹھک میں آ دھمکیں گے اور آپ کے ماتھے شکن کو دور کرنے کے لیے دو چار تعریفی یا ہمدردانہ فقرے جڑ دیں گے مثلاً آخاہ ! نیا سوٹ پہنا ہے کپڑا تو خوسمنا ہے سِلا ہوا بھی اچھا ہے۔ آپ تو اخبار پڑھنے آئے ہیں ''سو اُٹھائیے اور پڑھ لیجیے''۔ جو اخبار بینی کے لیے لائبریری کے محتاج ہیں اس جماعت میں زیادہ تر رٹائیرڈ کلرک اور سال خوردہ لوگ ہوتے ہیں یہ اصحاب اصل میں اخبار پڑھنے نہیں آتے بلکہ وقت کاٹنے آتے ہیں۔ لائبریری کے کھلنے کے وقت سے ایک آدھ گھنٹا پہلے لائبریری کا طواف کرنا شروع کر دیتے اِدھر دروازہ کھُلا اُدھر داخل ہوئے اُن کو دیکھ کر کئی نو وارد سمجھ لیتے ہیں اِن اخبار کے پڑھنے کا طریقہ نرالا ہے۔ یعنی ایک اخبار یا رسالہ گود میں ہے اور دو اخبار ہاتھ میں حریص اتنے ہیں کہ کسی اور کو اُس وقت تک اخبار نہ اٹھانے دیں کے جب تک الیف سے لے کر یے تک سارا اخبار نہ پڑھ لیں۔''

## سوالات

(a) مندرجہ ذیل پیراگراف کس سبق سے لیا گیا ہے اور کس مصنف نے لکھا ہے ؟

(b) پڑوسیوں کے گھر جا کر مفت اخبار پڑھنے والے کیسی حرکت کرتے ہیں ؟

(c) وہ کون لوگ ہیں جو اخبار بینی کے لیے لائبریری کے محتاج ہیں ؟

(d) لائبریری میں اخبار پڑھنے والوں کا کیا طریقہ ہوتا ہے ؟

**[ یا ]**

''کبیر داس کو مالک حقیقی کی ذات پر پورا بھروسہ تھا۔ ان کا یقین تھا کہ جو لوگ سچے دل سے اس کی عبادت کرتے ہیں، اُنہیں کو سچی خوشی ملتی ہے۔ خدا کہیں باہر نہیں ہے ہمارے اندر ہی ہے۔ جس کا دِل چھل کپٹ سے پاک ہے، اس کا دیدار بھی اسی کو نصیب ہوتا ہے۔ پورب کی طرف (جگن ناتھ پوری) میں ہری کا مقام ہے اور پچھّم (کعبہ) کی طرف اللہ کا گھر ہے لیکن اے انسان تو اسے اپنے دل ہی میں تلاش کر آپہی وہ جگہ ہے جہاں رام بھی بستے ہیں اور رحیم بھی۔ کبیر داس کے نزدیک خدا ایک ہے۔ ہم اس میں ہیں وہ ہم میں ہے۔ یہ ہماری فہم کا قصور ہے کہ اس راز سے بے خبر ہیں ہم نے ہی درمیان میں شک کے پردے حائل کر رکھے ہیں۔''

<u>سوالات</u>

(a) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس سبق کے مصنف کون ہیں ؟

(b) کبیر داس کے نزدیک خدا کی کیا اہمیت ہے ؟

(c) خدا کی پہچان کے متعلق کبیر کیا کہتے ہیں ؟

(d) کس نے شک کے پردے حائل کر دیئے ہیں ؟

**3.** غزل کی تعریف لکھ کر کسی شاعر کے دو اشعار لکھیے۔ 4

یا

مثنوی کی تعریف لکھیے اور مثنوی نگار کا نام لکھیے۔

**4.** ڈرامہ کسے کہتے ہیں اور ڈرامے کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں ؟ 4

یا

کہانی کسے کہتے ہیں ؟ آپ کی کتاب کے کہانی نگار کا نام لکھیے۔

**5.** مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے : 10

*(a)* بچوں کا دن (بال دیوس)

*(b)* دیوالی

*(c)* ماہِ رمضان

*(d)* بازار کا سین

*(e)* ہولی


/09\Ur not found.

**6۔** آپ کو تیز بخار ہے اس وجہ سے اسکول کے پرنسپل صاحب کو دو دن کی چھٹی کے لیے ایک درخواست لکھیے۔ 8

**یا**

اپنے دوست کے نام خط لکھیے اور اُس کو اپنے گھر چھٹیاں گزارنے کی دعوت دیجیے۔

**7۔** انسانی زندگی میں ماس میڈیا کا رول کیوں اہم رہا ہے ؟ 5

**یا**

کمپیوٹر کے اجزا کیا ہیں ؟

**8۔** مرزا غالبؔ کی شاعری کی خصوصیات پر چند لائنیں لکھیے۔ 4

**یا**

کنول ڈبائیوی کی شاعری کی کیا کیا خصوصیات ہیں لکھیے۔

**9۔** گھٹاؤں سے ''ہن برسانے'' سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟ 3

/09\Ur not found.

10۔ حاؔلی نے اپنی غزل میں عشق کے متعلق کیا کیا باتیں کہی ہیں ؟ 3

11۔ صالحہ عابد حسین کے اندازِ اسلوب پر چند لائنیں لکھیے۔ 4

**یا**

پروفیسر عتیق اللہ کے بارے میں ایک چھوٹا سا نوٹ لکھیے۔

12۔ ’’عقل کے دُشمن‘‘ سے آپ نے کیا سبق حاصل کیا ہے ؟ 3

13۔ مرزا غالبؔ کے خطوط کی خصوصیات بیان کیجیے۔ 3

14۔ کبیر کے نام کے ساتھ ’داس‘ کیوں لگا ہے اور اس کے کیا معنی ہیں ؟ 3

15۔ مرکب الفاظ کسے کہتے ہیں اور کیسے بناتے ہیں ؟ 3

16۔ اِسم ضمیر کی تعریف لکھ کر مثال دیں۔ 3

17۔ صنعتِ مراعات النظیر کسے کہتے ہیں ؟ 3

18۔ مخمس نظم کسے کہتے ہیں ؟ 3

**19**۔ نیچے دیئے گیے ہر سوال کے چار متبادل جوابات دیئے گیے ہیں۔ ان میں سے صحیح جواب چن کر اپنی جواب کی کاپی میں لکھئے : 1×20 = 20

*(i)* گاؤں میں غیر معمولی چہل پہل کیوں تھی ؟

(A) کسی کی شادی ہو رہی تھی

(B) گاؤں میں کچھ بڑے لیڈر آئے ہوئے تھے

(C) گاؤں میں کوئی بڑا واقعہ رونما ہو گیا تھا

(D) لوگ عید منانے کے لیے آئے تھے

*(ii)* درج ذیل میں کون سا لفظ غیر عطفی ہے ؟

(A) ساز و سامان

(B) راحت و روح

(C) دین دنیا

(D) طنز و مزاح

/09\Ur not found.

(iii) ’جگ‘ جس کے معنی دنیا کے ہیں کس زبان کا لفظ ہے ؟

(A) عربی

(B) اردو

(C) پراکرت

(D) فارسی

(iv) ’’بھگتی تحریک‘‘ نمایاں تحریک کیوں ہے ؟

(A) بتوں کی پوجا کرنا

(B) مذہبی ظاہرداری پسند کرنا

(C) کٹرپن چھوڑ کر انسان سے محبت کرنا

(D) جادو وغیرہ کو ماننا

(v) نظم ’’ایک آرزو‘‘ کے ذریعے شاعر محمد اقبالؔ نے کیا پیغام دیا ہے ؟

(A) رونے کا

(B) مایوسی کا

(C) ترک دنیا کا

(D) غافلوں کو جگانے کا

(vi) ایک لڑی میں پیرو دینا کا کیا مطلب ہے ؟

(A) ایک جگہ اکٹھا کر دینا

(B) ایک دھاگہ میں پیرو دینا

(C) ایک لائن میں کر دینا

(D) ایک ساتھ کر دینا

(vii) سبق ''اخبار بینی'' میں شریف آدمی سے کیا مراد ہے ؟

(A) بھلا آدمی

(B) خراب آدمی

(C) امیر آدمی

(D) غریب آدمی

*(viii)* ناگریز کا مطلب کیا ہے ؟

(A) تکلیف دینے والا

(B) ناواقف

(C) جسے ٹالا نہ جا سکے

(D) جسے برداشت نہ کیا جا سکے

*(ix)* درج ذیل میں کون سا لفظ صنعت تضاد کی مثال ہے ؟

(A) گھر مکان

(B) فلک آسمان

(C) دن رات

(D) صبح سویرا

(x) مقطع کس کو کہتے ہیں ؟

(A) جس میں شاعر اپنا تخلص بیان کرتا ہے

(B) غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں

(C) غزل کے سب سے اچھے شعر کو کہتے ہیں

(D) اوپر میں سے کوئی نہیں

(xi) رام سہائے مل نے پناہ دینے سے بھاگ وتی کو کیوں روک دیا ؟

(A) رام سہائے مل انگریزوں کا وفادار تھا

(B) وہ اپنے گھر میں کسی کو رکھنا نہیں چاہتا تھا

(C) اُسے پکڑے جانے کا خوف تھا

(D) اُسے بھاگ وتی پر بھروسہ نہ تھا

709\Ur
not
found.

(xii) 'وقت کاٹنا' گرائمر میں کیا ہے ؟

(A) استعارہ

(B) تشبیہ

(C) محاورہ

(D) فعل

(xiii) میر انیس نے آپ کی کتاب میں کس زبان میں مرثیہ لکھا ہے ؟

(A) مشکل زبان

(B) رنگین زبان

(C) آسان اور عام فہم زبان

(D) تکرار کرنے والی زبان

(xiv) درخواستیں کتنی طرح کی ہوتی ہیں ؟

(A) چار طرح

(B) دو طرح

(C) تین طرح

(D) پانچ طرح



709\Ur not found.

(xv) کمپیوٹر میں کلک کرنے کے لیے کی بورڈ (Keyboard) میں کتنے بٹن ہوتے ہیں ؟

(A) 106

(B) 104

(C) 108

(D) 109

(xvi) مکالمہ کسے کہتے ہیں ؟

(A) ایسی بات چیت جس سے عمل اور ردعمل بھی ظاہر ہو

(B) جس میں لکھنے کا طریقہ ہنسنے ہنسانے کا ہو

(C) جس میں ماں باپ کی ڈانٹ ہو

(D) جس میں ماتم کرنے کی بات ہو

709\Ur not found.

(xvii) بھارت میں پہلا کمپیوٹر آئی۔ بی۔ ایم کمپنی کب لائی ؟

(A) 1880

(B) 1901

(C) 1590

(D) 1960

(xviii) ہندوستان میں ٹی وی کا آغاز کس سن میں ہوا ؟

(A) 18 ستمبر 1961

(B) 15 ستمبر 1959

(C) 21 ستمبر 1981

(D) 20 ستمبر 1987

(xix) اپنے تاثرات اور ردعمل کا اظہار مضمون کی کس قسم میں ہوتا ہے ؟

(A) بیانیہ

(B) تخیلی

(C) تاثراتی

(D) اظہاری

*(xx)* بھارت میں رنگین نشریات کب شروع ہوئی ؟

(A) 1984

(B) 1982

(C) 1986

(D) 1988

★★★